| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیّبہ (قبل اَز بعثت) | باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور آپ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت باسعادت، بوقتِ ولادت معجزات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ پوچھیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ آپ خاتم النبیین ﷺ کی والدہ کا نام کیا ہے؟ اُن سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سعودی عرب کے مشہور شہر مکہ مکرّمہ میں پیدا ہوئے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۳۸ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو متن سادہ اور آسان الفاظ میں بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا تعلق قریش خاندان کے معزز قبیلے "بنوہاشم" سے تھا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کے والد حضرت عبداللہ

آپ خاتم النبیین ﷺ کی پیدائش سے چند ماہ پہلے ہی وفات پاگئے تھے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ اور دادا کا نام حضرت عبد المطلب ہے۔ ابنِ سعد کی روایت ہے کہ

رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی والدہ نے فرمایا: جب آپ خاتم النبیین ﷺ کی وِلادت ہوئی تو میرے جسم سے ایک نور نکلا جس سے ملک شام کے محل روشن ہو گئے۔ (مسند احمد)

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت پر اللہ تعالیٰ نے آپ خاتم النبیین ﷺ کی والدہ ماجدہ

پر ایک روشن بادل ظاہر فرمایا۔

- طلبہ کو بتائیں عرب کے دستور کے مطابق بچے شہر سے دور دیہات کی کھلی فضا میں پرورش پاتے تھے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کی پرورش کی ذمے داری حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے لی۔ جب تک آپ خاتم النبیین ﷺ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس رہے، اُن پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوتا رہا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5 منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بے شمار | بے۔ شُمار | بہت زیادہ |
| کِسریٰ | کِس۔ را | ایران کا بادشاہ |
| آتش کدہ | آتش۔ کدہ | وہ جگہ جہاں آگ کی پوجا کی جاتی ہے۔ |

**اعادہ:** **2 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6 منٹ**

طلبہ سے مشق جزو (ا) کے پہلے دو سوالات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2 منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5 منٹ**

محبتِ رسول خاتم النبیین ﷺ کا جذبہ اُجاگر کرنے کے لیے نعت خوانی کا مقابلہ منعقد کروائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| دادا کا نام | ____________________ |
| جائے پیدائش | ____________________ |
| قبیلے کا نام | ____________________ |
| خاندان کا نام | ____________________ |

| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:2 | تاریخ:_____ | وقت:40منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیّبہ (قبل از بعثت) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اور آپ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت باسعادت، بوقتِ ولادت معجزات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت کے وقت معجزات کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں بتائیں آپ خاتم النبیین ﷺ کی پیدائش ہوئی تو آپ کو آپ خاتم النبیین ﷺ کے دادا خانہ کعبہ میں لے گئے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور ساتویں دن عقیقہ کیا اور آپ خاتم النبیین ﷺ کا نام محمد (رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ) رکھا۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر ۳۹ کے پہلے پیراگراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جب آپ خاتم النبیین ﷺ کو عرب کے دستور کے مطابق حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے ساتھ لے گئیں۔ وہ خود فرماتی ہیں کہ ہم جب محمد (خاتم النبیین ﷺ) کو لے کر اپنے گاؤں کی طرف لوٹے تو ہماری اُونٹنی جو کم دودھ دیتی تھی زیادہ دودھ دینے لگی۔ دو سال کی مدتِ رضاعت ختم ہونے کے بعد بھی آپ خاتم النبیین ﷺ بنو سعد میں ہی رہے۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ خاتم النبیین ﷺ سے بہت محبت رکھتی تھیں۔ جب حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ تقریباً

پانچ برس کے ہوئے تو اپنی والدہ ماجدہ کے پاس واپس لوٹے۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ کی عمر مبارک چھے سال ہوئی تو آپ خاتم النبیین ﷺ کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں۔ پھر آپ خاتم النبیین ﷺ کی پرورش آپ خاتم النبیین ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب نے کی۔ دادا آپ خاتم النبیین ﷺ سے بے حد محبت کرتے تھے وہ ہمیشہ آپ خاتم النبیین ﷺ کو اپنے ساتھ رکھتے اور ہر طرح سے آپ خاتم النبیین ﷺ کا خیال رکھتے۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ کی عمر مبارک آٹھ سال ہوئی تو آپ خاتم النبیین ﷺ کے دادا بھی رحلت فرما گئے۔ اُن کے بعد آپ خاتم النبیین ﷺ کی کفالت کی ذمے داری آپ خاتم النبیین ﷺ کے چچا حضرت ابو طالب نے لی۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| کفالت | کفا۔لت | پرورش کرنا |
| ذمے داری | ذمّے۔داری | فرض |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: دادا کی وفات کے بعد آپ خاتم النبیین ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے صفحہ نمبر ۴۳ میں دی گئی پہلی سرگرمی حل کروائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت:سوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیّبہ (قبل از بعثت) | باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت ابو طالب کی آپ خاتم النبیین ﷺ سے محبت اور کفالت کے بارے میں جان سکیں۔
- آپ خاتم النبیین ﷺ کے سفر شام کے دوران پیش آنے والے واقعات کو جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے آپ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت باسعادت سے متعلق سوالات کریں اور جانچیں کہ پڑھائے گئے سبق کی انھیں کس حد تک سمجھ آگئی ہے۔ جیسے:

- آپ خاتم النبیین ﷺ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
- آپ خاتم النبیین ﷺ کی ولادت کے وقت کون سے معجزات ہوئے؟
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی دایہ کا نام بتائیں۔

طلبہ کو بتائیں جب آپ خاتم النبیین ﷺ کی عمر مبارک آٹھ برس ہوئی تو آپ خاتم النبیین ﷺ کے دادا کی وفات ہو گئی اُن کے بعد آپ خاتم النبیین ﷺ کے چچا حضرت ابو طالب نے آپ خاتم النبیین ﷺ کی کفالت کی ذمے داری سنبھالی۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر ۳۹ سے دوسرے اور تیسرے پیراگراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔

- طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ اپنے چچا سے بہت محبت کرتے اور اُن کے کاموں میں ہاتھ بٹاتے، بکریاں چراتے۔ حضرت ابو طالب بھی آپ خاتم النبیین ﷺ سے بہت پیار کرتے۔ اپنے بچوں سے بڑھ کر آپ خاتم النبیین ﷺ کا خیال رکھتے۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت ابو طالب کا پیشہ تجارت تھا۔ وہ اکثر آپ خاتم النبیین ﷺ کو اپنے ساتھ تجارتی سفر پر بھی لے جایا کرتے تھے۔ جب آپ خاتم النبیین ﷺ کی عمر مبارک بارہ سال ہوئی تو حضرت ابو طالب تجارتی سفر پر ملک شام روانہ ہوئے۔ وہ آپ خاتم النبیین ﷺ کو بھی ساتھ لے گئے۔ تجارتی قافلہ جب شہر بصریٰ پہنچا تو وہاں ایک مسیحی راہب "بحیرا" نے آپ خاتم النبیین ﷺ میں نبوت کی نشانیاں دیکھیں۔ بحیرا نے حضرت ابو طالب کو مشورہ دیا کہ اس بچے کو واپس لے جائیں۔ ان میں آخری نبی کی تمام نشانیاں موجود ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ دشمن انھیں پہچان کر نقصان پہنچائیں۔ لہٰذا حضرت ابو طالب نے بحیرا کی بات مان لی اور وہیں اپنا مال بیچ کر آپ خاتم النبیین ﷺ کو مکّہ واپس لے آئے۔
- طلبہ کو بحیرا کے بارے میں بتائیں وہ تورات اور انجیل کے عالم تھے۔ انھیں آپ خاتم النبیین ﷺ کے چہرہ مبارک پر نبوّت کی نشانیاں نظر آئیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نبوّت | نَ۔بُو۔وَت | نبی کا عہدہ |
| مشورہ دینا | مَش۔وَرَہ۔دینا | رائے دینا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرتِ طیّبہ سے کوئی واقعہ سنائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی پیدائش اور خاندان کے بارے میں لکھیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں سیرتِ النبی ﷺ کے موضوع پر ذہنی آزمائش اور تقریری مقابلہ منعقد کروایا جائے۔